तीसरी क़सम

تیسری قسم

اداکاران
راج کپور
وحیدہ رحمان

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
نئی قسم کی فلم کے

گانا نمبر ا
سجن رے جھوٹ مت بولو
خدا کے پاس جانا ہے
نہ ہاتھی ہے اور نہ گھوڑا ہے
وہاں پیدل ہی جانا ہے
تمہارے محل چوبارے۔ یہیں رہ جائیں گے سارے
اکڑ کس بات کی پیارے
یہ سر پھر بھی جھکانا ہے
بھلا کیجے بھلا ہوگا بُرا کیجے بُرا ہوگا
دُنیا لکھ لکھ کے کیا ہوگا
یہیں سب کچھ چکانا ہے
لڑکپن کھیل میں کھویا جوانی نیند بھر سویا
بڑھاپا دیکھ کر رویا وہی قصہ پرانا ہے

گانا نمبر ۲ :- سجنوا بیری ہو گئے ہمار
چٹھی ہو تو ہر کوئی بانچے بھاگ نہ باچا جائے
کرموا بیری ہو گئے ہمار
جائے بسے پردیس سجنوا سوتن کے بھرمائے
نہ سندیس نہ کوئی خبریا رُت آئے رُت جائے

ڈوب گئے ہم بیچ طوفوں میں کر کے سولہ پار
سونی سیج گودھوری سونی مرم نہ جانے کوئے
چھٹ پٹ تڑپے برہن بیچاری ممتا آنسو روئے
نہ کوئی اس پار ہمارا نہ کوئی اس پار

گانا نمبر ۳ دنیا بنانے والے کیا تیرے من میں سمائی
کاہے کو دنیا بنائی تونے
کاہے کو دنیا بنائی
کاہے بنائے تونے ماٹی کے پتلے
دھرتی یہ پیاری پیاری مکھڑے یہ اجلے
کاہے بنایا تونے دنیا کا کھیلا
جس میں لگایا جوانی کا میلہ
گپ چپ تماشہ دیکھے واہ رے تیری خدائی
تو بھی تو تڑپا ہوگا من کو بنا کے
طوفان یہ پیار کا دل میں چھپا کے
کوئی چھبی تو ہوگی آنکھوں میں تیری
آنسو بھی چھلکے ہوں گے پلکوں میں تیری
بول کیا سوجھی تجھ کو
کاہے کی پریت جگائی تونے
کاہے کو پریت بنا کے تونے جینا سکھایا
ہنسنا سکھایا تونے رونا سکھایا
جیون کے پتھ پر میت ملائے

میت مل کے تو نے سپنے جگائے
سپنے بنا کے تو نے کاہے کو دی جدائی

گانا نمبر ۴:۔ چلت مسافر موہ لیا
پنجڑے والی منیا
اُڑ اُڑ بیٹھی حلوئیا دکنیا
برفی کا سب رس لے لیا رے
پنجڑے والی...
اُڑ اُڑ بیٹھی بجوا دکنیا
کپڑا کا سب رس لے لیا رے
پنجڑے والی...
اُڑ اُڑ بیٹھی پنواڑیا دکنیا
بیڑی کا سب رس لے لیا رے
پنجڑے والی...

گانا نمبر ۵:۔ پان کھائے سیّاں ہمرو
سانولی صورتیا ہونٹ لال لال
ہائے ہائے ململ کا کرتا
ململ کے کرتے پہ چھینٹ لال لال
ہم نے منگائی سرمے دانی
لے آیا ظالم بنارس کا زردہ
اپنی ہی دنیا میں کھویا رہے
وہ ہمارے جی کی نہ پوچھے بیدردی

بگیا گن گن پائل چھن چھن
چپکے سے آئی ہے رُت متوالی
کھل گئی کلیاں دُنیا جانے
لیکن نہ جانے بگیا کا مالی
پان کھائے.....
کھا کے گوری شام سے اُدھ کچھے
سو جائے وہ دیا باتی سے پہلے
آنگن اٹاری ہیں گھبرائی ڈُولوں
چوری کے ڈر سے دِل میرا دہلے
پان کھائے...

گانا نمبر۱۴- مارے گئے گلفام اجی ہاں مارے گئے گلفام
الفت بھی راس نہ آئی
اجی ہاں مارے گئے گلفام
ایک نظر پری دیکھی اور دِل گنوا بیٹھے
مستانہ نگاہوں پر پھر ہوش لٹا بیٹھے
کالے کوئیں مسکائی
اجی ہاں مارے گئے گلفام
ابرو کی کٹاری سے بنیوں کی دو دھاری سے
وہ ہو کے ہے زخمی اک بار دبہاری سے
وہ زلف کیوں لہرائی
اجی ہاں مارے گئے گلفام

ایک پیار کی محفل میں
وہ آ گئے مقابل میں

وہ تیر چلے دل پر
ہلچل سی ہوئی دل میں

چاہت کی سزا پائی
ابھی ہاں ہارے گئے گلفام

گانا ۱۶: ہائے عجیب کہیں تارا ٹوٹا
ٹوٹا رے ٹوٹا ہمرے سیاں نے ٹوٹا

پہلا تارا اٹریا پہ ٹوٹا
دانتوں تلے ہم نے دابا انگوٹھا

دوسرا تارا انجریا میں ٹوٹا
دیکھا ہے سب نے کہ میلہ ہے جھوٹا
ٹوٹا رے ٹوٹا سپنا ہے ٹوٹا

تیسرا تارا ایھل بگیا میں ٹوٹا
بھولوں سے پوچھے کوئی ہے کون جھوٹا
ٹوٹا رے ٹوٹا دارو عہ سے ٹوٹا

گانا ۱۷: لالی لالی ڈولیا میں لالی رے دلہنیا
پیا کی پیاری بھولی بھولی
رے دلہنیا
میٹھے بین تیکھے نینوں والی
رے دلہنیا

بولی گی جو گودی بھر ہیں نہ کھیلانا
لڈو پیڑے لانا اپنے ہاتھوں سے کھلانا
تیری سب راتیں ہو دیوالی رے دلہنیا
دُلہے راجا رکھنا جتن سے دُلہن کو
کبھی نہ دُکھانا تم گوریا کے من کو
نازک ہے ناروں کی بانی رے دلہنیا
من مسکائے دو نو مکھڑا چھپائے
بھید نہ کھولے نہ تو بولے نینیاں یہ
جگ جگ جئے جوڑی متوالی رے دلہنیا
گانا نمبر ۹: بسر رہے گا عشق تیرا خاک میں ملا کے مجھے
ہوئے ہیں ابتدا میں رنج انتہا کے مجھے
ابھی چاند رات ڈھلنے لگی چاند چھپنے لگا
شمع کی طرح رات بھر تیری یاد میں دیکھ کر
جلی ارزد دل جلا
ستاروں نے منہ پھیر کر
کیا الوداع ہم سفر
چلا کارواں اب چلا
افق پر کھڑی ہے سحر اندھیرا ہے دل میں ادھر
وہی روز کا سلسلہ

تمام شُد

اردو انگلش میٹرک پاس

دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے دنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاروں میں ملوں اور کارخانوں میں غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ آپ اگر انگریزی نہیں جانتے تو آپ دنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اسلئے انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں۔ آپ بھی صرف ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی کتاب کی بنیاد پر لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہے۔ صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اکیلی کتاب کی مدد سے پاس ہو گئے ہیں۔ جلد منگا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی